Toronto District School Board

26 اگست، 2020ء

محترم والدین / سرپرست، فیملیز،

مورخہ 21 اگست کو، تمام ٹی ڈی ایس بی والدین / سرپرستوں کو ستمبر میں اسکول واپسی کے بارے میں معلومات کے ساتھ ایک خط بھیجا گیا تھا، اور ہم آج آپ کو ان والدین / سرپرستوں کیلئے اضافی معلومات کے ساتھ لکھ رہے ہیں جن کے خصوصی تعلیم کی ضروریات والے بچے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ جیسے جیسے ہم ٹی ڈی ایس بی اسکولوں کو کھولتے اور چند ہفتوں میں طلباء کی واپسی کا خیر مقدم کرتے ہیں آپ مزید جاننے کیلئے متفکر ہیں کہ کیا توقع کی جائے، اسلئے ہم آپ کو یہ تفصیلی اَپ ڈیٹ فراہم کرنا چاہتے تھے۔

اس سے پہلے کہ ہم شروع کریں، ہم آپ کے مسلسل صبر کیلئے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جبکہ ہم اسکول میں واپسی اور طلباء اور عملے کیلئے کام کرنے کیلئے درکار تمام منصوبہ بندی کے تحت کام کررہے ہیں۔ یہ آسان یا سیدھا سا عمل نہیں ہے اور جیسے جیسے ہم آگے بڑھتے ہیں مخلصانہ طورپر آپ کی مسلسل تفہیم اور اعتماد کی قدرکرتے ہیں۔ براہِ کرم جان لیں کہ طلباء، عملے اور خاندانوں کو محفوظ اور صحت مندرکھنے کیلئے ہم اسکول میں محفوظ واپسی کیلئے مؤثر طریقے سے منصوبہ بندی کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔

ٹی ڈی ایس بی معذوری والے طلباء کیلئے تعلیم، وسائل اور مواقع تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے، اور یہ کووِڈ-19 وبائی مرض کے دوران بھی درست ہے۔ براہِ کرم اضافی معلومات کیلئے نیچے دیکھیں جو خصوصی تعلیم کی ضروریات والے طلباء کیلئے مخصوص ہیں۔

<u>تاخیری آغاز: منگل، 15 ستمبر</u>

اسکول میں واپسی کی تیاری کیلئے درکار وقت کے پیش نظر، ٹی ڈی ایس بی کو اسکول کا پہلا دن (ایلیمینٹری، سیکنڈری اور ورچوئل اسکول کیلئے) **<u>منگل، 15 ستمبر</u>** پر منتقل کرنا ہوگا۔

اگرچہ تمام گریڈوں میں داخلہ تین دن کے دوران اسٹیگر (staggered) ہوگا، ***خصوصی تعلیم کی ضروریات والے تمام طلباء منگل، 15 ستمبر کو اسکول شروع کریں گے۔*** اس میں تمام ایلیمنٹری اور سیکنڈری اجتماعی مقامات، اور ڈیویلپمینٹل ڈس ایبیلیٹیز انٹینسو سپورٹ پروگرامز (آئی ایس پی) شامل ہیں جو سیکنڈری اسکولوں میں رکھے گئے ہیں۔ خصوصی تعلیم کی ضروریات والے طلباء کیلئے جو بسوں میں اسکول جاتے ہیں، کے آغاز کی تاریخ بھی 15 ستمبر ہوگی۔

<u>ماسک / چہرے کے غلاف کیلئے رہنمائی</u>

اگرچہ تمام طلباء اور عملے کو ٹی ڈی ایس بی عمارتوں میں اور اسکول بسوں میں ماسک / چہرے کے غلاف پہننے کی ضرورت ہوگی، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے کچھ طلباء کو میڈیکل، حسیاتی یا دیگر وجوہات کی بنا پر چُھوٹ کی ضرورت ہوگی۔ والدین / سرپرستوں سے عرض کیا جاتا ہے کہ وہ ماسکوں یا چہرے کے غلافوں کے بارے میں کسی بھی چُھوٹ یا موافقت پذیری کے بارے میں اسکولوں سے براہِ راست گفتگو کریں۔

ہماری پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کی ٹیم ہمارے عملے اور ان طلباء کیلئے شفاف ماسک خریدنے کیلئے کام کررہی ہے جنہیں ان کی ضرورت ہے۔ ماسک / چہرے کے غلافوں کے بارے میں مزید تفصیلات والدین / سرپرستوں کے ساتھ جلد ہی شیئر کی جائیں گی۔

سیکھنے کے ماڈلز

ایلیمینٹری

ایلیمنٹری اسپیشل ایجوکیشن انٹینسو سپورٹ پروگرامز (آئی ایس پی) میں کلاسوں کو 6-16 طلباء کے درمیان محدود کیا جاتا ہے جس کا انحصار آئی ایس پی پروگرام پر ہے (گفٹڈ کو چھوڑکر)۔ پورے دن میں ایک کوہورٹ/گروپ کے ساتھ طلباء 5 دن فی ہفتہ حاضری دیں گے، جس میں تفریح اور لنچ کے وقفے شامل ہیں۔

اس میں ہمارے چھ ایلیمینٹری اجتماعی مقامات شامل ہیں: بیورلی اسکول، لوسی میک کورمک سینئراسکول، پارک لین پبلک اسکول، سینیکا اسکول، سنی و یو جونیئر اینڈ سینئر پبلک اسکول، اور ولیئم جے میک کورڈِک۔

ہم جانتے ہیں کہ جسمانی فاصلے کو زیادہ سے زیادہ کرنے میں مدد کیلئے بہتر صحت اور حفاظت کے پروٹوکولز لاگو ہونے کی وجہ سے کچھ طلباء کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان خدشات سے نمٹنے کیلئے، اسکول خاندانوں اور خصوصی تعلیم و مشمولہ کنسلٹینٹس کے ساتھ مل کر کام کریں گے تاکہ اس وقت کے دوران طلباء اور عملے کی بہترین مدد کرنے کی حکمت عملیوں کا کھوج لگایا جا سکے۔

سیکنڈری (گریڈ 9 سے 12)

سیکنڈری اسپیشل ایجوکیشن ڈیویلپمینٹل ڈس ایبیلیٹیز (ڈی ڈی) انٹینسو سپورٹ پروگرام (آئی ایس پی) میں کلاسوں کو 10 طلباء تک محدود کیا جاتا ہے۔ طلباء روزانہ اسکول جانے کے اہل ہوتے ہیں کیونکہ کوہورٹ (Cohort) کی صورت میں ان کا گروپ بنایا جاتا ہے اور وہ اپنی خصوصی تعلیم کی تمام کلاسیں اکٹھے مل کر لے سکتے ہیں۔ طلباء سمیسٹر ماڈل پر عمل کریں گے۔

آئی ایس پی کلاسوں میں ثانوی طلباء انٹیگریشن (گفٹڈ سمیت) کے ساتھ جن کا عام طور پر خصوصی تعلیم کی کلاسوں اور باقاعدگی سے اسکولوں کے کورسوں میں ٹائم ٹیبل مقرر ہوتا ہے وہ کواڈمیسٹر سیکنڈری اسکول ماڈل کے بعد اسکول میں شرکت کریں گے تاکہ وہ اپنے ساتھیوں کے جاری انضمام کو یقینی بنائیں۔

ثانوی آئی ایس پی کو 6-16 طلباء تک محدود کیا جاتا ہے۔ طلباء خصوصی تعلیم کے کورسز لے کر ایک کوہورٹ کے طور پر شرکت کر سکتے ہیں۔ عام طور پر، ان آئی ایس پیز میں ایم آئی ڈی، ایل ڈی، اے ایس ڈی، ڈی ایچ ایچ اور پی ڈی شامل ہوں گے اور انہیں غیر خصوصی کورسز کیلئے ان کے ساتھیوں کے ساتھ گروپ میں شامل کیا جائے گا۔ گفٹڈ آئی ایس پی کلاسز 30 طلباء تک محدود ہیں اور خصوصی تعلیم اور غیر خصوصی تعلیم کی کلاسوں کیلئے انہیں دو سیکھنے کے گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ یہ اسکول کی ضروریات کی بنیاد پر مقامی طور پر تبدیل ہوسکتا ہے۔

سیکنڈری اسکول کی چھ اجتماعی سائٹیں جہاں طلباء روزانہ شرکت کر سکتے ہیں وہ سیمسٹر ماڈل پر عمل کریں گی۔ سیکنڈری اسکول کی چھ اجتماعی سائٹیں یہ ہیں سینٹرل ایٹوبیکوک ہائی اسکول، ڈریوری سیکنڈری اسکول، فرینک اوک سیکنڈری اسکول، میپل وُڈ ہائی اسکول، سر ولیئم ہائی اسکول، اور پارک ہمبر ہائی اسکول۔

ورچوئل (Virtual) اسکول (کنڈرگارٹن سے گریڈ 12)
والدین جو چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ گھر سے سیکھے وہ ریموٹ لرننگ آپشن کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے، براہِ کرم ویب سائٹ پر جائیں۔ ایلیمینٹری اور سیکنڈری۔

اگر والدین/ سرپرستوں نے دُوری کی تعلیم کے ساتھ ابتدا کرنے کا فیصلہ کیا اور پھر وہ اسکول کے اندر تعلیم حاصل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو طلباء اپنی آئی ایس پی پلیسمینٹ سے محروم نہیں ہوں گے۔ تعلیمی سال کے دوران کلیدی تاریخوں پر ورچوئل اسکول میں داخل ہونے یا ذاتی طور پر حاضر ہو کر سیکھنے میں واپس آنے کے مواقع ہوں گے۔ ایلیمینٹری اور سیکنڈری منتقلی کی تاریخیں دیکھیں۔ اگر متعین اوقات سے باہر منتقلی کی ضرورت پڑتی ہے، تو چُھوٹ دی جاسکتی ہے اور پرنسپل کیس بہ کیس کی بنیاد پر ان کا جائزہ لیں گے۔

اسکول کے اندر یا ورچوئل لرننگ کیلئے رجسٹریشن
اس ہفتے، ایک سیکنڈری اجتماعی سائٹ اسکول اور سیکنڈری ڈی ڈی آئی ایس پی میں شرکت کرنے والے بچوں کے والدین/ سرپرستوں کو ایک ای میل بھیجی جائے گی جس میں انہیں یا تو ذاتی طور حاضر ہو کر یا دُوری سے تعلیم حاصل کرنے کیلئے رجسٹر کرنے کا کہا جائے گا۔

تمام والدین/ سرپرستوں، یہاں تک کہ جنھوں نے پہلے ہی اس ماہ کے شروع میں قبل از رجسٹریشن سروے کا جواب دے رکھا ہے، کیلئے درکار ہے کہ یہ رجسٹریشن مکمل کر کے اپنے بچوں کیلئے رجسٹریشن کی تصدیق کریں۔

ای میل میں ہر طالب علم کیلئے آن لائن رجسٹریشن فارم کا ایک منفرد لِنک شامل ہوگا اور اس لِنک کا اشتراک نہیں کیا جاسکتا۔ ایک سے زیادہ بچوں والے والدین/ سرپرستوں کو فی بچہ ایک ای میل موصول ہوگی اور انہیں ہر بچے کیلئے الگ رجسٹریشن مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آن لائن رجسٹریشن 20 مختلف زبانوں میں دستیاب ہوگی۔

صرف وہ والدین/ سرپرست جن کا فائل پر ای میل ایڈریس موجود نہیں ہے یا جو آن لائن رجسٹریشن مکمل نہیں کرتے وہ رجسٹریشن کیلئے فون کال موصول کریں گے جس میں ان سے اپنا انتخاب کرنے کو کہا جائے گا۔ مزید معلومات اور رجسٹریشن کے مختلف آپشنز کے بارے میں جاننے کیلئے، ہم تمام والدین/ سرپرستوں کو ٹی ڈی ایس بی کی ویب سائٹ ملاحظہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

بدھ، 26 اگست: والدین/ سرپرستوں کو ای میل بھیجی گئی اور رجسٹریشن کھلتی ہے۔
سوموار، 31 اگست: اجتماعی سائٹوں اور سیکنڈری ڈی ڈی آئی ایس پی طلباء کیلئے رجسٹریشن بند ہوتی ہے۔

اگلے اقدامات
ہم آنے والے دنوں میں خاندانوں کو باخبر اور اپ ڈیٹ کرتے رہیں گے۔ ہم اپنے ایڈمنسٹریٹروں، ایس ای اے سی ریٹرن ٹو اسکول سب کمیٹی، اور اسٹاف ریٹرن ٹو اسکول اسپیشل ایجوکیشن اینڈ انکلیوژن سب کمیٹی کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ ہم تمام آوازوں اور غور و فکر کو شامل کرتے ہیں۔ اسکولوں کیلئے ہمارے صحت اور حفاظت کے رہنما اصول کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

چونکہ یہ اہم کام جاری ہے آپ کے مسلسل صبر کیلئے ہم ایک دفعہ پھر آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ براہِ مہربانی یہ جان لیں کہ پرنسپلز جتنی جلدی ممکن ہو سکا اسکول سے متعلقہ معلومات براہِ راست خاندانوں کے ساتھ شیئر کرنا شروع کر دیں گے۔ ہم جانتے ہیں کہ آپ کے بہت سے سوالات اور خدشات ہیں اور عملہ ضروری معلومات فراہم کرنے اور آپ کو آگاہ رکھنے کیلئے پوری کوشش کرتا رہے گا۔

ہم اس میں اکٹھے ہیں اور ہمارا سب کا عملے، طلباء اور خاندانوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کا مشترکہ مقصد ہے۔ ہم چاہیں گے کہ اسکول کو واپسی ہر ایک کیلئے زیادہ سے زیادہ ہموار ہو اور ایسا کرنے کیلئے ہمیں اکٹھے مِل کر کام جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔

مخلص،

Carlene Jackson
Director of Education
کارلین جیکسن
ڈائریکٹر آف ایجوکیشن

Alexander Brown
Chair
الیگزینڈر براؤن
چیئر